© rasailojaraid.com

دارالعلوم کے

شفیق فاروقی

# شب و روز

۔ ۱۰؍شوال سے نیا تعلیمی سال شروع ہو چکا ہے طلبہ کی بہت بڑی تعداد آغاز داخلہ میں پہونچ گئی۔ اب داخلہ مکمل ہو چکا ہے ایک نئے مدرس استاذ کی تقرری بھی کی گئی ہے، طلبہ کی حسب معمول کثرت ہے اور ایک بڑی تعداد قیام و طعام کے نظم نہ ہو سکنے کی وجہ سے بافسوس واپس کردی گئی ہے صرف دورۂ حدیث کے طلبہ سو سوا سو سے متجاوز ہو چکے ہیں ۸؍ستمبر کو دارالحدیث ہال میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے نئے تعلیمی سال کا آغاز فرمایا۔

طلبہ کی رہائش کے مسئلہ پر قابو پانے کے لئے جدید دارالاقامہ جس میں مزید پچاس طلبہ کی گنجائش نکل آسکی ہے بحمداللہ مکمل ہو چکا ہے اس دارالاقامہ کا نام احاطہ شاہ اسمٰعیل شہیدؒ ہوگا۔ اب اس کے دوسرے حصے کی تعمیر کا پروگرام ہے، جسکی سنگ بنیاد پچھلے ماہ مولانا ابوالحسن علی ندوی نے رکھا ہے اور اپنی تکمیل کیلئے فضل خداوندی اور اہل خیر کے توجہ کا منتظر ہے۔

۔ ۲۲؍اگست ایک سفر کے دوران ایڈیٹر الحق مولانا سمیع الحق صاحب دین پور شریف میں حضرت دین پوریؒ (جن کا اب وصال ہو چکا ہے) کی زیارت کی خانقاہ دیکھی اس کے بعد آپ نے خانپور میں مولانا درخواستی مدظلہ سے بھی ملاقات کی اور اسی دن عشاء کی نماز پاکپتن شریف میں ادا کی جہاں آپ نے حضرت شکر گنج قدس سرہٗ کے مزار پر فاتحہ پڑھی۔

۔ ۲۵؍اگست وفاقی وزیر بلدیات و دیہی ترقی جناب خان محمد زمان خان اچکزئی اسلام آباد سے اکوڑہ خٹک تشریف لائے اور گھر پر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات کی۔

۔ ۴؍ستمبر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے بوجہ ضعف و علالت عیدالفطر کے موقع پر مختصر خطاب فرمایا اس سے قبل مولانا سمیع الحق صاحب نے پہلی بار عیدگاہ میں تقریر کی واضح رہے کہ یہ عید کی واحد نماز ہوتی ہے جس میں پورے شہر کے لوگ شرکت کرتے ہیں اور نماز سے قبل حضرت شیخ کی مفصل تقریر ہوا کرتی ہے۔

۔ ۶؍ستمبر امیر جمعیۃ العلماء اسلام حضرت مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملنے اور عیادت کرنے اکوڑہ تشریف لائے گھنٹہ بھر دونوں حضرات کی ملاقات رہی اس کے بعد معتقدین کے ایک بڑے مجمع سے درخواستی مدظلہ نے شیخ الحدیث صاحب کی مسجد میں پرسوز اور پرحکمت خطاب فرمایا خطاب کے دوران حضرت دینپوری مرحوم کی وفات پر اظہار تعزیت کیا گیا اور تمام حاضرین نے مرحوم کے رفع درجات کی دعا کی۔

© rasailojaraid.com